ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ اعلیٰ افسران اور اراکین کونسل کے ساتھ میٹنگ کرتے ہوئے

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

(عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام کے سلسلے میں شاندار طریقے سے انتظامات کیے گئے)

(عوامی خدمت اور عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا میری اولین فرائض میں شامل ہے)

(اراکین کونسل کی مشاورت سے ترقیاتی منصوبوں پر کام شروع کیا جارہا ہے جو منصوبے مکمل ہوگئے ہیں جلد ان کا افتتاح کیا جائے گا)

تاریخ 26/07/2024 **حوالہ نمبر TMC/G/INF/061/24**

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ ٹاؤن کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے گڈاپ ٹاؤن کے افسران اور اراکین کونسل کے ساتھ میٹنگ کی اور کہا کہ عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام کے سلسلے میں شاندار طریقے سے انتظامات کیے گئے اس میں افسران اور اراکین کونسل کی کاوشیں شامل ہیں سب نے دن رات میرا ساتھ دیا چیئرمین نے مزید کہا کہ عوامی خدمت اور عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا میری اولین فرائض میں شامل ہے ہر یوسی میں خلوص نیت سے کام کر رہا ہوں گڈاپ ٹاؤن کے عوام کی خدمت کرنے کا موقع ملا ہے یہاں کے مسائل سے اچھی طرح واقف ہوں, عوام کی خدمت کا جو ہم نے عزم کیا ہے اس راہ پر گامزن ہیں اس میں مشکلات تو بہت ہیں مگر کام کرنے سے سکون قلب ملتا ہے اراکین کونسل کی مشاورت سے ترقیاتی منصوبوں پر کام شروع کیا جارہا ہے اور جو منصوبے مکمل ہوگئے ہیں جلد ان کا افتتاح کیا جائے گا

اس موقع پر وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو، ٹاؤن میونسپل کمشنر احمد یار، پارلمانی لیڈر کونسل ممبر میر عباس ٹالپور، ممبر محمد رفیق جوکھیو، ممبر عبدالستار جوکھیو، ممبر سلیم میمن، ممبر مرتضی یار محمد بلوچ، ممبر علی محمد گبول، ممبر داد کریم بلوچ، ممبر عیسٰی بلوچ، ممبر سنی مسیح سپرنٹیڈنگ انجینئر (ایم اینڈ ای) نور علی جمالی، ڈائریکٹر (ایچ آر ایم) حاجی شریف شیخ، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان ڈائریکٹر بجٹ توفیق احمد جوکھیو ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، پی ایس چیئرمین لال جان نبی بھی موجود تھے،

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

TMCGADAPOFFICIAL@GMAIL.COM TMC GADAP TMC GADAP WWW.TMCGADAP.GOS.PK